# INTERMEDIATE - FIRST YEAR
# SECOND LANGUAGE URDU: PART - II

## Model Paper - Urdu - I - 2021

**Time: 3 HOURS** **MARKS: 100**

---

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دیئے جائیں ہر سوال کے نشانات محاذی درج ہیں؟

**I.** مندرجہ ذیل سے کوئی ایک بند لکھیے اور مشکل الفاظ کے معنی لکھیے۔ 1x6=6

1. سورج نے جاتے جاتے شام سیہ قبا کو

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

چمکے عروس شب کے موتی وہ پیارے پیارے

یا

ہندو پُجاریوں نے جس کو گلے لگایا

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

یہ ہے دکن ہمارا ' پیارا وطن ہمارا

یا

نظم ''بزمِ انجم'' کا پسندیدہ بند لکھئے اور مشکل الفاظ کے معنی بھی لکھئے۔

**II.** ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 15 سطروں میں لکھیے۔ 1x6=6

1. نظم ''ترانۂ دکن'' کا خلاصہ لکھیے۔
2. شاعر وجؔد کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالیے۔
3. ''ترانۂ دکن'' میں قومی یکجہتی کا کس طرح پیغام ملتا ہے

**III.** **مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 15 سطروں میں لکھیے۔** 1x6=6

1. ''سیر پہلے درویش کی'' کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھے۔
2. ان پر نوٹ لکھئے: 1. الگو چودھری 2. شیخ جُمن
3. یوسف ناظم نے محبوب حسین جگؔر کا خاکہ کس طرح کھینچا ہے؟ بیان کیجیے؟

**IV.** **ذیل میں سے کسی دو سوالات کے جواب دس سطروں میں لکھیے۔** 2x4=8

1. گاندھی جی کے حالاتِ زندگی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔ لکھیے۔
2. ''ناز اٹھانے کو ہم رہ گئے ڈاکٹروں کے'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔
3. ''میرا اسکول'' آپ بیتی سے آپ نے کیا سبق حاصل کیا۔ لکھیے۔
4. افسانہ ''انار کے چودہ دانے'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔
5. مجتبیٰ حسین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

**V.** **مندرجہ ذیل میں سے کسی دو اشعار کی متن کے حوالہ سے تشریح کیجیے۔** 2x3=6

1. تم ہمارے کسی طرح نہ ہوے
ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا

2. کل چودھویں کی رات تھی شب بھر رہا چرچا ترا
کچھ نے کہا یہ چاند ہے کچھ نے کہا چہرا ترا

3. بے درد سنّی ہوتو چل کہتا ہے کیا اچھی غزل
عاشق ترا رسوا ترا شاعر ترا انؔشا ترا

4. تم مرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

**VI.** متن کے حوالے سے کسی دو کی تشریح کیجیے۔ 2x3=6

1.. ''غرض آدمی کا شیطان آدمی ہے''۔

2.. ''نہ تم ہمارے دوست ہو، نہ ہم تمہارے، یہ انصاف اور ایمان کا معاملہ ہے''

3.. ''اے او مصور جذبات ذرا ایک گلاس پانی لانا''

4.. ''صرف سیاست وہ اخبار تھا جس کے مدیر اور منتظم دونوں غیر شاعر تھے۔''

5.. ''یک بہ یک ایک ہی سال میں والدین قضائے الٰہی سے مر گئے''۔

**VII.** مندرجہ ذیل سے کسی دو دو سوالوں کے جواب پانچ سطروں میں لکھیے۔ 2x3=6

1.. شاعر نے شام کا منظر کیسے کھینچا ہے؟

2.. شاعر وجدؔ نظم میں اپنا وطن کس کو کہا ہے؟

3. انشاؔ کے حالات زندگی پر ایک نوٹ لکھیے۔

4.. نظم ''ترانۂ دکن'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

5. نظم ''ترانۂ دکن'' میں کس علاقے کی تعریف کی گئی ہے؟

**VIII.** مندرجہ ذیل سے کسی دو دو سوالوں کے جواب پانچ سطروں میں لکھیے۔ 2x3=6

1. پہلے درویش کو بہن کیا نصیحت کرتی ہے؟

2. سرپنچ بننے کے بعد جُمّن نے کیا فیصلہ سنایا؟

3. محبوب حسین جگر سے پہلی ملاقات مصنف کی کب اور کہاں ہوئی؟

4. ابن صفی اپنے مطالعہ کا شوق کس طرح پورا کرتے تھے؟

5. سوداگر کے بہک جانے کا حال بیان کیجیے۔

**IX.** مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ایک یا دو جملے میں لکھیے۔ 5x1=5

1. اقبالؔ کے کوئی ایک شعری مجموعہ کا نام لکھیے۔

2. سکندر علی وجدؔ کا سنہ پیدائش کیا ہے؟

3. مومنؔ کا اصل نام کیا ہے؟

4. انشاؔ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

5. مقطع کسے کہتے ہیں۔ مثال دیجیے؟

**X.** مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ایک یا دو جملے میں تحریر کیجیے۔ 5x1=5

1. پہلے درویش کی کتنی بہنیں تھیں؟
2. جمن کی خالہ نے پنچایت کیوں بٹھائی ؟
3. ہفت روزہ ''شاہد'' کے ایڈیٹر کا نام کیا تھا؟
4. ابن صفی نے اپنے کس ناول میں ان کتابوں کی تفصیل دی ہے جن کے پلاٹ انگریزی سے لیے گئے تھے۔
5. یوسف ناظم کے سفرنامہ کا کیا نام ہے؟

**XI.** مندرجہ ذیل اقتباس پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھیے۔ 5x1=5

''حیدرآباد کا ملک کے ان چند بڑے شہروں میں شمار ہوتا ہے جو سیاحوں کو اپنی جانب راغب کرتا ہے۔ ریاست تلنگانہ کا سیاحتی محکمہ تلنگانہ اسٹیٹ ٹورازم ڈپارٹمنٹ ایک سرکاری ادارہ ہے جو تلنگانہ میں سیاحت کو فروغ دیتا ہے۔ تلنگانہ کے تاریخی تفریحی مقام چار مینار کو شہرت حاصل ہے۔ قلعہ گولکنڈہ، حیدرآباد- قطب شاہی سلاطین کا ایک یادگار قلعہ ہے جو ہندوستان کے چند مشہور قلعوں میں سے ایک ہے۔ ''گنبدان قطب شاہی'' میں قطب شاہی خاندان کے مزارات ہیں۔ جو دکنی فن تعمیر کا شاہکار ہیں۔ کاکتیہ کلاتھورانم، ورنگل کی کاکتیہ سلطنت کی تاریخی نشانی ہے۔ پتھر میں تراشیدہ بہت بڑا مجسمہ ہے۔ جسے جلالی کمان بھی کہا جاتا ہے۔ یہ تلنگانہ کے سرکاری نشان کا حصہ ہے۔ مکہ مسجد، حیدرآباد میں واقع ہے۔ مسجد کی مرکزی کمان بنانے کے لیے مکہ معظّمہ سے مٹی اور اینٹیں لائی گئیں۔ چنانچہ اس مسجد کا نام مکہ مسجد پڑا۔ تلنگانہ کے دیگر اہم سیاحتی مقامات میں کنٹالا آبشار جو ضلع عادل آباد میں واقع ہے۔ یہ آبشار 148 فٹ بلندی سے گرتا ہے اور یہ ریاست کا سب سے بڑا آبشار ہے۔

سوالات:

1. تلنگانہ میں کونسا ادارہ سیاحت کو فروغ دیتا ہے؟
2. تلنگانہ کا سرکاری نشان کونسا ہے؟
3. گنبدانِ قطب شاہی کیا ہیں؟
4. مکہ مسجد کی تعمیر کے لیے خصوصی پتھر کہاں سے لائے گئے۔
5. کنٹالا آبشار کہاں واقع ہے؟

**XII.** ہر حصہ سے چار سوالات کے جواب لکھیے۔ 8x1=8

(الف) صرف ایک جملہ میں جواب لکھیے۔

1. اسم کی تعریف کیجیے اور مثال دیجیے۔
2. اسمِ خاص سے کیا مراد ہے؟ مثال دیجیے۔
3. جنس کی تعریف کیجیے۔
4. ضمیر شخصی کسے کہتے ہیں؟
5. تخلص کی تعریف مع مثال لکھیے۔
6. صفتِ ذاتی کی تعریف کیجیے۔

(ب) ذیل کے بیانات پر صحیح (✓) یا غلط (×) کا نشان لگائیے۔

(i) ناگن مذکر ہے۔ (......)

(ii) چنومنو لقب کی مثال ہے۔ (......)

(iii) نظیر شاعر کا تخلص ہے۔ (......)

(iv) ''آپ'' ضمیر کی مثال ہے۔ (......)

(v) لکھنا فعل ہے۔ (......)

(vi) ''موسم بہار'' اسم ظرف زماں ہے۔ (......)

**XIII.** ذیل میں سے آٹھ الفاظ کے مذکر یا مونث لکھیے۔ 8x1=8

| | |
|---|---|
| (i) بندہ | (ii) بوڑھیا |
| (iii) چور | (iv) باپ |
| (v) بندریا | (vi) مورنی |
| (vii) ادیب | (viii) بیٹا |
| (ix) مالن | (x) مصنف |
| (xi) بچھڑا | (xii) ناگ |

**XIV.** ہر حصہ سے چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ 8x1=8

(الف) ذیل میں سے چار کے صحیح جوڑ بنایئے۔

| (الف) | | ( ) | | (ب) |
|---|---|---|---|---|
| (i) | شبیر محمد خاں | ( ) | (1) | میرامن دہلوی |
| (ii) | ارمغان حجاز | ( ) | (2) | پریم چند |
| (iii) | سیر پہلے درویش کی | ( ) | (3) | علامہ اقبال |
| (iv) | دلیر مجرم | ( ) | (4) | ابن انشاء |
| (v) | بابائے قوم | ( ) | (5) | مہاتما گاندھی |
| (vi) | پنچایت | ( ) | (6) | ابن صفی |

(ب) ذیل میں سے چار اسباق کے مصنفین کا نام بتایئے۔

(i) انار کے چودہ دانے - ________

(ii) پنچایت - ________

(iii) ناز اٹھانے کو ہم رہ گئے ڈاکٹروں کے - ________

(iv) محبوب حسین جگر - ________

(v) میرا اسکول - ________

(vi) سیر پہلے درویش کی - ________

**XV.** ذیل میں سے چھ جملوں کو صحیح کیجیے۔ 6x1=6

(i) رشید محنتی لڑکی ہے۔

(ii) مری ہوئی بیل گلے میں باندھ دیا۔

(iii) قدرت جس کو علم وفضل وہنر دیا تھی۔

(iv) زلزلہ آیا۔

(v) احمد کو کتے نے کاٹی۔

(vi) لڑکے بھیگ رہی ہیں؟

(vii) شاعر نے غزل لکھا۔

(viii) منہ میں پانی آئی۔

**XVI.** انگریزی عبارت کا اُردو میں ترجمہ کیجیے۔ 5

The moral values in life hold great importance from the point of personal, social and spiritual development. Values, morals and ethics are inextricably tied together. Values are what we learn from childhood; the 'stuff' we acquired from our parents and immediate surroundings.

☆☆☆